# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 09 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۹؍ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ ملک بھر میں آج سے شروع ہورہی ہے ہر گھر ترنگا مہم ‘ شہریان 13؍ سے 15؍اگست کے دوران اپنے گھروں پر ترنگا پھہرائیں انتظامیہ کی اپیل

☆ وقف ترمیمی بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجا جائے ‘ لوک سبھا کی سفارش

☆ نائب وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے لیا دھاراشیو ضلعے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ ‘ آب رسانی سمیت دیگر سبھی کام طئے شدہ مدت میں پورے کرنے کی ہدایت

☆ وزیرِاعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی قسط 17؍اگست کو ادا کی جائے گی

اور

☆ پیرس اولمپک میں نیزہ باز نیرج چوپڑا نے جیتا چاندی کا تمغہ ‘ ہاکی ٹیم نے حاصل کیا کانسے کا تمغہ

اب خبریں تفصیل سے...

ملک بھر میں آج سے ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز ہورہا ہے۔ جذبہ حب الوطنی کو فروغ دینے کے مقصد سے یہ مہم شروع کی جارہی ہے۔ یہ مہم آئندہ 15؍اگست تک جاری رہے گی۔ اِس دوران ترنگا ریلی ‘ ترنگا یاترا ‘ ترنگا میراتھان ‘ ترنگا کانسرٹ ‘ ترنگا کینوس ‘ ترنگا عہد ‘ ترنگا سیلفی اور ترنگا ٹری بیوٹ جیسی سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔

مرکزی وزیر برائے ثقافتی امور گجیندر سنگھ شیکھاوت نے شہریان سے آئندہ 13 ر سے 15 ر تاریخ کے دوران اپنے گھروں پر قومی پرچم پھہرانے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل نئی دِلّی میں صحافیوں سے اظہارِخیال کررہے تھے۔ ساتھ ہی وزیر موصوف نے شہریان سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ قومی پرچم کے ساتھ اپنی سیلفی بنا کر ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر اپلوڈ کریں۔

***** ***** *****

ریاست میں ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز آج ممبئی کے اگست کرانتی میدان پر کیا جائے گا۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ' نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نیز اجیت پوار بھی موجود رہیں گے۔ اِس تقریب میں شہداء کو خراج تحسین پیش کر کے ترنگا ریلی نکالی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے شہریان سے اِس میں شامل ہوکر اپنے گھروں پر ترنگا پھہرانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے بھی شہریان سے ہر گھر ترنگا مہم میں جوش وجذبے سے شامل ہونے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل ضلع کلکٹر دفتر میں منعقدہ جائزہ میٹنگ کے بعد اظہارِخیال کررہے تھے۔

اِسی طرح بیڑ اور لاتور میں بھی آج صبح ترنگا ریلی نکالی جائے گی۔ ضلع انتظامیہ نے شہریان سے اِس ریلی میں شامل ہونے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا نے وقف ترمیمی بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجی جو نے یہ بل کل لوک سبھا میں پیش کیا تھا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ اِس بل میں چھپانے جیسا کچھ بھی نہیں ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت اِس مجوزہ قانون پر غور کرنے کے لیے تیار ہے۔ جناب کرن ریجی جو نے کہا کہ محروم اور غریب مسلمانوں کو انصاف دلانا ہی اِس بل کا مقصد ہے۔ انھوں نے بتایا کہ وقف بورڈ سے متعلق تقریباً 12 ر ہزار معاملات التواء میں پڑے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران تجاوزات کی تقریباً 200 ر سے زیادہ شکایات موصول ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے تحت مراٹھواڑے سے اب تک 26 / لاکھ 24 / ہزار 461 / درخواستیں موصول ہوچکی ہیں ۔ علاقائی کمشنر دلیپ گاوڑے نے یہ بات بتائی۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں صحافیوں سے مخاطب تھے۔انھوں نے بتایا کہ موصولہ درخواستوں میں سے 24 / لاکھ 395 / درخواستیں منظور کی جا چکی ہیں ۔ جناب گاوَڑے نے بتایا کہ مستحق خواتین کا تناسب 94 / فیصد ہے ۔

***** ***** *****

وزیر زراعت دھننجۓ منڈے نے کاشتکاروں کو کھیتی باڑی کا ساز وسامان جلد از جلد مہیا کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ وہ کل شعبہ زراعت کے جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ ریاست میں تخم ریزی کا کام 99 / فیصد مکمل ہو چکا ہے۔لہٰذا حکومت کی مختلف اسکیمات کے تحت ڈی بی ٹی پورٹل پر اندراج کروا چکے کاشتکاروں کو جلد از جلد زرعی ساز وسامان مہیا کیا جائے۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل دھاراشیو ضلعے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔اِس خصوص میں کل ممبئی میں منعقدہ میٹنگ میں انھوں نے کرشنا مراٹھواڑہ آب رسانی منصوبہ ، نمن تیرنا آب پاشی پروجیکٹ ، کوڈ گاؤں صنعتی علاقہ کے ذریعے قائم کیے جارہے ٹیکسٹائل پروجیکٹ ، تلجا بھوانی مندر کے ڈیولپمنٹ کا خاکہ اور سرکاری میڈیکل کالج نیز ہسپتال کے لیے درکار اراضی وغیرہ موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔اِس موقعے پر جناب پھڑنویس نے سبھی ترقیاتی کام طئے شدہ وقت میں مکمل کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

پرس اولمپک میں نیزہ باز نیرج چوپرانے چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔انھوں نے 89/اعشاریہ45/میٹر دور نیزہ پھینک کر اب تک کا اپنا سب سے بڑا کارنامہ انجام دیا۔ ٹریک اور فیلڈ اتھیلیٹ میں متواتر دوسری مرتبہ تمغہ جیتنے والے وہ پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔

ہاکی میں بھارت کے مردوں کی ٹیم نے بھی متواتر دوسرے اولمپک میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔کل کھیلے گئے مقابلے میں بھارت کی ٹیم نے اسپین کی ٹیم کو 2 - 1/سے شکست دی۔اِس سے پہلے سال 1968ء اور 1972ء کے اولمپک میں بھارت کی ہاکی ٹیم نے کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

اِس مرتبہ پیرس اولمپک میں بھارت نے اب تک 4/کانسے کے اور ایک چاندی کا اِس طرح 5/تمغے حاصل کیے ہیں۔

***** ***** *****

تحقیق کے شعبہ میں دیے جانے والے قومی سائنس ایوارڈ کے لیے ایوت محل کے موئُٹ بن سے تعلق رکھنے والے Dr. Vivek Polshetwar کا انتخاب کیا گیا ہے۔اُنھیں علم کیمیا کے '' شانتی سوروپ بھٹنا گر ایوارڈ '' سے سرفراز کیا جائے گا۔یہ ایوارڈ آئندہ 23/تاریخ کے روز نئی دِلّی میں صدر جمہوریہ کے ہاتھوں عطا کیا جائے گا۔آپ کو بتا دیں کہ ٹاٹا اِنسٹی ٹیوٹ آف فنڈامینٹل ریسرچ میں بطور پروفیسر خدمات انجام دے رہے ڈاکٹر پول شیٹ وار نے فضا میں موجود کاربن کو الگ کر کے اُسے فائدہ مند مادے میں تبدیل کرنے کی تحقیق کی ہے۔فضائی آلودگی میں کمی لانے کی سمت یہ ایک بڑا اہم قدم ہے۔

***** ***** *****

لاتور شعبہ سماجی بہبود کے اسسٹنٹ کمشنر شیوکانت چی کُرتے نے اطلاع دی ہے کہ مرکزی حکومت کے اسٹینڈ اپ انڈیا منصوبے کے تحت درج فہرست ذاتوں اور نوبودھ سماج کے نئے صنعت کاروں کے لیے مارجن منی نامی اسکیم شروع کی گئی ہے۔انھوں نے خواہش مند صنعت کاروں سے لاتور شعبہ سماجی بہبود کے اسسٹنٹ کمشنر دفتر سے رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ کے رکن اسمبلی سندیپ شرساگر نے کہا ہے کہ سرکاری اسکیمات پر عمل آوری کرنے میں شعبہ محصول لاپروائی کر رہا ہے۔انھوں نے متعلقین کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام مستحقین کو جلد از جلد فائدہ پہنچانے کے لیے اقدام کریں۔اِس خصوص میں جناب سندیپ شرساگر نے ڈویژنل کمشنر ، ضلع کلکٹر اور ذیلی شعبہ جات کے افسران کو مکتوبات اِرسال کیے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں 10/ آیوشمان صحت مراکز اور ابتدائی طبی مراکز کو قومی سطح پر کوالیٹی اشورنس یعنی معیاری خدمات کی ضمانت کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ضلع صحت افسر ڈاکٹر ایس ایس ہر داس نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ قومی صحت مہم کے تحت 24/ جون سے 17/ جولائی 2024ء کے دوران مذکورہ درجہ بندی کی گئی تھی۔ دھاراشیو ضلع صحت افسر نے بتایا کہ مذکورہ مراکز کو آئندہ 3/ برسوں تک فی مرکز 3 - 3/ لاکھ روپئے دیے جائیں گے۔

***** ***** *****

بانگلہ دیش میں سیاسی بدامنی کو دیکھتے ہوئے مہاراشٹر کے تاجروں نے پیاز کی برآمد روک دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ برآمد کنندگان کی تنظیم نے یہ اطلاع دی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ وہاں کے سیاسی حالات ٹھیک ہونے پر برآمد دوبارہ شروع کی جائے گی۔ خیال رہے کہ چھترپتی سنبھاجی نگر ' ناسک ' شولا پور اور پونا سے بانگلہ دیش کے لیے پیاز برآمد کی جاتی تھی۔

***** ***** *****

پربھنی میں کل راشٹروادی کانگریس پارٹی کے عہدیداران کی میٹنگ منعقد کی گئی تھی۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کا جائزہ لیا گیا۔ رکن اسمبلی راجیش وِٹیکر اور سابق میئر پرتاپ دیشمکھ بھی اِس میٹنگ میں موجود تھے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ ملک بھر میں آج سے شروع ہو رہی ہے ہر گھر ترنگا مہم ' شہریان 13 / سے 15 / اگست کے دوران اپنے گھروں پر ترنگا پھہرائیں انتظامیہ کی اپیل

☆ وقف ترمیمی بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجا جائے ' لوک سبھا کی سفارش

☆ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے لیا دھاراشیو ضلعے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ ' آب رسانی سمیت دیگر سبھی کام طئے شدہ مدت میں پورے کرنے کی ہدایت

☆ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی قسط 17 / اگست کو ادا کی جائے گی

اور

☆ پیرس اولمپک میں نیزہ باز نیرج چوپرا نے جیتا چاندی کا تمغہ ' ہاکی ٹیم نے حاصل کیا کانسے کا تمغہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆